نمبر ۲۵ — جلد ۴۰

RAMPUR STATE GAZET

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۸ جون سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۴ جون سنہ ۱۹۲۸ء

ثبت عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت پندرہ یوم من ابتدا ۲ جون لغایت ۱۶ جون سنہ ۱۹۲۸ء سید علی وصی نگران باورچیخانہ ہندوستانی بضرورت روانگی [illegible]

حکم

رخصت ۱۵ یوم بموجب عرضداشت منظور ہے۔ کاغذات صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۶ جون سنہ ۱۹۲۸ء

خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری تعمیرات، صنعت وحرفت وتجارت کی تنخواہ میں جو سالانہ بیس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب اسکیل طے ہوچکا ہے۔ اور یکم مئی سے واجب ہوتا ہے۔ لہذا یکم مئی سنہ ۱۹۲۸ء سے انکی موجودہ تنخواہ مبلغ نوسو پچاس روپیہ ماہوار میں تیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ تاریخ مذکورہ سے انکو نوسو اسی روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی اسکے علاوہ وہ حق پنشن جو بحساب چہارم تنخواہ خزانہ مرادآباد میں داخل ہوتا ہے انکی تعداد یکم مئی سنہ ۱۹۲۸ء سے مبلغ دوسو پینتالیس روپیہ ماہوار ہوگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۴ر جون ۱۹۲۸ء

مثل عرضداشت جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری تعطیلات برائے ہائی اسکول۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مورخہ ۲۹ر مئی ۱۹۲۸ء ہائی اسکول کے حسب صراحت نقشہ مشمولہ تعطیلات کا دیا جانا منظور ہے۔ غیر معمولی تعطیلات سے مدارس مستثنےٰ رہینگے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تعطیلات مندرجہ نقشہ زیر رسم شدہ —	۶۲ یوم
تعطیل کلان موسم گرما۔	۴۹ یوم
تعطیل جمعہ۔	۴۶ یوم
میزان	۱۵۷ یوم

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ نقشہ تعطیلات کی نقل بھی نقل حکم کے ساتھ شامل کیجائے۔ ۹ر جون ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نام تعطیل	تعداد ایام	نام تعطیل	تعداد ایام	نام تعطیل	تعداد ایام
یوم حج	۱	ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام	۱	ہولی	۳
عید الضحیٰ	۳	ولادت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم	۱	درگا پوجا	۱
عید الفطر	۳	سالگرہ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم	۵	رام نومی	۱
شب برات	۱	تہنیت خطابات بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم بموجب [illegible]	۱	سلونو	۱
عید غدیر	۱		۱	دیوالی	۳
ولادت جناب امیر علیہ السلام	۱	سالگرہ صاحبزادہ [illegible] ولیعہد بہادر	۱	گنگا اشنان	۱
ولادت جناب امام حسین علیہ السلام	۱	سالگرہ ملک معظم	۱	چاند گرہن	۱
ولادت حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم	۱	وکٹوریہ ڈے	۱		
بارہ وفات	۱	نو روز	۱	تعطیل کلان	۴۹
عشرہ محرم الحرام	۱۲	بڑا دن	۶	تعطیل جمعہ	۴۲
چہلم	۱	دسہرا	۱	کل	۱۵۷
شہادت جناب امیر علیہ السلام	۳	بسنت	۱	باقی ایام	۲۰۸

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۴ر جون ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارہ رخصت ۲۶ یوم محمد اسرائیل تحویلدار کتب علوم دینیہ کتب خانہ مشاہرہ وار بست روپیہ من ابتداء ۲۰ر جون لغایت ۱۹ر جون سنہ حال و اجازت ایام تعطیل محرم شریف۔ بغرض درست مکان۔ جو کل رخصت ۲۶ یوم ۲ر جولائی تک شمار ہوگی۔

حکم

بموجب رپورٹ حافظ محمد اسرائیل تحویلدار کی رخصت چھبیس یوم من ابتداء ۶ر جون لغایت ۲ر جولائی سنہ حال منظور ہوئی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۴ر جون ۱۹۲۸ء

بسلسلہ انتظام اسامی اشفاق النبی خان سب انسپکٹر معطل در سلسلۂ ۲۸-۱۹۲۷ء کی بجٹ ہر جسکی بالتفصیل تحت تجویز کیجاتی ہر۔

(۱) امجد علیخان سب انسپکٹر انچارج تھانہ گنج میکتی اور مستعد شخص ہر۔ موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ اضافہ کیا جائے۔ آیندہ پچاس روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی۔ دس روپیہ الاؤنس انچارجی جو مل رہا ہر وہ تا زمانہ تعیناتی تھانہ گنج بصورت خاص بستور ملیگا۔

(۲) شمعون علیخان سب انسپکٹر حاضر باش مستعد ہر۔ حال ہی میں چند سانگین مقدمے سراغ رسانی کئے ہین۔ تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ آیندہ چالیس روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی۔

(۳) عثمان علی ہیڈ کانسٹبل کو پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیکر تیس روپیہ کا سب انسپکٹر کیا جائے۔

(۴) شرافت حسین ہیڈ کانسٹبل متعینہ عدالت شاہ آباد کی تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ کیا جائے آیندہ پچیس روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی۔

مصرحۂ بالا انتظام مین پانچ روپیہ کی بیشی بمقابلہ رقم بجٹ کے ہوتی ہر۔ جو خفیف ہر۔ اس سال کیلئے صرف تین ماہ رہگئے ہین۔ [illegible] کا بار بجٹ پر پڑیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۰ جون ۱۹۲۸ء

دیکھا جاتا ہے کہ شہر میں بعض پاگل، عورتیں یا مرد آزاد پھرتے ہیں۔ اُنکے اس طرح آزاد پھرنے سے دوسروں کے نقصان کا خطرہ ہے۔ پولیس سے ایسے لوگوں کا انتظام کیا جائے۔ اُنکے اعزا کو ذمہ دار بنایا جائے کہ وہ اسطرح اُنکو آزاد نہ پھرنے دیں بلکہ اپنے مکانات میں محفوظ رکھیں یا پاگل خانہ میں داخل کرا دیں اور اگر وہ پاگل لاوارث ہوں تو پولیس کے ذریعہ پاگل خانہ میں داخل کرایا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون ۱۹۲۸ء

عرضی منشی عبد المقتدر خان اہلمد اجلاس ہمایون دربارہ منظوری رخصت رعایتی دس یوم من ابتداء ۱۰ جون لغایت ۱۹ جون ۱۹۲۸ء بوجہ درد شکم۔

حکم

عبد المقتدر خان اہلمد کی رخصت رعایتی دس یوم منظور ہے۔ سید محمود حسن ہیڈ اپرنٹس اہلمدی کو اُنکا کام زیر نگرانی ناظر اجلاس انجام دے۔ اہلمد مذکور چونکہ بارہ دن کی رخصت رعایتی سال حال میں لے چکے ہیں آیندہ اُنکو استحقاق رخصت رعایتی کا باقی نہیں رہیگا۔ ناظر اجلاس رجسٹر میں بھی عمل کرلیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳ جون ۱۹۲۸ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید ۱۵ یوم منشی برج راج سرن اہلمد پیشی سررشتہ دار صاحب صدر من ابتداء ۵ لغایت ۱۹ جون سنہ حال بذمہ داری جے بہے لگواں داس معاون بوجہ علالت چشم۔

حکم

حسب رپورٹ رخصت مطلوبہ ۱۵ یوم منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۶ جون ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ منشی مصطفےٰ حسین خان نائب تحصیلدار سوار باستدعائے رخصت از ۹ جون لغایت ۱۶ جون ۱۹۲۸ء بوجہ علالت پسر خود۔

حکم

رخصت مطلوبہ من ابتداء ۹ لغایت ۱۶ جون ۱۹۲۸ء منظور ہو۔ چونکہ تحصیلدار صاحب سوار ۹ جون کو شام تک بغرض شرکت جلسہ نیلام شہر میں آئینگے۔ اور تحصیل خالی رہیگی۔ لہذا صدر تحصیل سے خورشید احمد نائب تحصیلدار ۹ جون کو ۱۲ بجے تک تحصیل سوار میں پہنچ جائیں اور تا واپسی نائب تحصیلدار تحصیل میں حاضر رہکر کام کریں اور تحصیل کی طرف زیادہ توجہ کیجائے۔ احکام ضابطہ آج ہی جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۱ مئی ۱۹۲۸ء

مدرسہ مڈل کا ۱۴ مئی ۱۹۲۸ء کو معائنہ کیا گیا۔ اس تاریخ مدرسہ مذکور میں ۲۴۰ طلبا درج رجسٹر اور ۲۰۹ حاضر تھے۔ اور ۲۰ طلبا جدید داخل شدہ تھے۔ جو شروع جولائی میں درج رجسٹر کئے جائینگے۔ اسطرح کُل تعداد ۲۶۰ ہے۔ اسکول کے رجسٹر اور حسابات سرسری طور سے دیکھے گئے۔ نہایت صاف اور با قاعدہ ہیں۔ انتظام بھی اسکول کا اچھا پایا گیا۔ کُل طلبا کی کاپیاں اُستاد باقاعدہ جانچتے ہیں۔ بعض اُستادوں کا کام دیکھا گیا باقاعدہ پایا گیا۔ سعید حسن مدرس نے چار روز تک طلبا کی کاپیاں نہیں دیکھی تھیں۔ اُنکی نسبت معلوم ہوا کہ ان ایام میں وہ دفتر میں کام کرتے رہے۔ لیکن ایسی صورت میں کاپی پر نوٹ ہونا چاہئے کہ کس وجہ سے جانچ نہیں کی گئی۔ درجہ پنجم کے طلبا انگریزی گھنٹہ میں تھے اُنسے بعض سوالات کئے گئے۔ طلبا انگریزی میں کمزور ہیں اُنپر زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ ضیا خان سابق انگلش ٹیچر کی خرابی کام کا یہ اثر ہے کہ درجہ چہارم کے پڑھے ہوے سبق کا بھی طلبا صحیح جواب نہ دے سکے۔ اور اُنکو پچھلی خواندگی از سر نو یاد کرائی جارہی ہے۔ ہیڈ ماسٹر کے متعلق جسقدر کام ہے وہ نہایت قابل تعریف پایا گیا۔ موجودہ ہیڈ ماسٹر کے تقرر کے وقت مدرسہ کی حالت نہایت خراب تھی۔ تعداد طلبا بھی اُسوقت ۵۰ تھی۔ مدرسہ کا انتظام بھی باقاعدہ نہ تھا۔ طلبا کی اسقدر زیادتی اور اسکول کا کام، اور ضروری رجسٹروں کا اجرا اور اُنکا باقاعدہ اندراج یہ سب موجودہ ہیڈ ماسٹر کے زمانہ کا ہے۔ اگرچہ ابھی اعلےٰ جماعتوں میں طلبا کی تعداد کم ہے مگر سابقہ خرابی کا اثر چند سال میں رفع ہوگا۔ ماتحت درجات سے اب طلبا زیادہ تعداد میں ترقی کرتے آرہے ہیں۔ آیندہ سالوں میں اُمید ہے کہ اعلے درجات میں بھی تعداد طلبا کافی ہوجائیگی۔ امسال درجہ چہارم میں ۳۱ طلبا ہیں سال گذشتہ صرف ۱۴ تھی اگرچہ ابھی فائنل امتحان مڈل میں زیادہ طلبا شریک نہیں ہوے۔ مگر جسقدر طلبا شریک ہوئے ہیں

اُنکی تعلیمی حالت کا اندازہ اس مثال سے ہو سکتا ہے کہ غلام دستگیر طالب علم سال گذشتہ ورنیکلر مڈل کے امتحان میں سکنڈ ڈویژن میں پاس ہو کر ہائی اسکول کے ساتوین کلاس میں داخل ہوا اور امسال ہائی اسکول کے امتحان میں درجہ ہشتم میں فرسٹ ڈویژن میں پاس ہوا - آیندہ اس سے زیادہ بہتر نتیجہ کی اُمید ہے - لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل گزٹ میں شائع کیجائے - اور اصل انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۲۷ مئی ۱۹۲۹ء

حسب اسکیم منظور شدہ اجلاس ہمایون ۲۴ کس کپاؤنڈران و ڈریسران ملازمان شفاخانہ جات بموجب کیفیت بجٹ بیگری ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء سے اضافہ پانے کے مستحق ہین ہر ایک ملازم کی تنخواہ رقم اضافہ ماہانہ فہرست مرتبہ چیف میڈیکل افسر صاحب مین مفصل ہر فہرست مذکور پر دستخط کر دیے گئے ہین -

حسب تفصیل مندرجہ فہرست مذکور ملازمان مذکور کا اضافہ ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء سے منظور کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

فہرست کپاؤنڈران و ڈریسران ملازمان شفاخانہ جو ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء سے بموجب اسکیم منظور شدہ اجلاس ہمایون دام اقبالہم و حکم ۱۸۳۳ مرقومہ ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء مستحق اضافہ ہین - (قابل منظوری از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر)

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ موجودہ کہ بشمول اضافہ ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء	در خواست از ۱۹ اپریل ۱۹۲۹ء	کیفیت
۱	سراج احمد	کمپاؤنڈر	[illegible]	[illegible]	آخری اضافہ از تاریخ منظوری عہدہ تنخواہ [illegible] ہو جائیگی - بشرح صدر
۲	نجابت خان	"	[illegible]	[illegible]	
۳	ہزاری لال	"	[illegible]	[illegible]	
۴	عبد الحکیم	"	[illegible]	[illegible]	
۵	علی احمد	"	[illegible]	[illegible]	
۶	رام دیال	"	[illegible]	[illegible]	
۷	مشتاق خان	"	[illegible]	[illegible]	
۸	ونوکھے لال	"	[illegible]	[illegible]	
۹	عبد اللطیف	"	[illegible]	[illegible]	
۱۰	[illegible]	"	[illegible]	[illegible]	
۱۱	برج بہاری لال	کمپاؤنڈر	[illegible]	[illegible]	
۱۲	حامد علیخان	"	[illegible]	[illegible]	
۱۳	ناظر حسین	"	[illegible]	[illegible]	
۱۴	بہاری لال	"	[illegible]	[illegible]	
۱۵	پریم شنکر	"	[illegible]	[illegible]	
۱۶	نیاز حسین	"	[illegible]	[illegible]	
۱۷	یعقوب خان	"	[illegible]	[illegible]	
۱۸	عاشق حسین	"	[illegible]	[illegible]	
۱۹	حامد حسین	"	[illegible]	[illegible]	
۲۰	کرپا شنکر	"	[illegible]	[illegible]	
۲۱	عبد المجید	"	[illegible]	[illegible]	
۲۲	علی جان	ڈریسر	[illegible]	[illegible]	
۲۳	محمد بخش	"	[illegible]	[illegible]	
۲۴	عزیز حسن خان	"	[illegible]	[illegible]	تقرر از ۱۰ جنوری ۱۹۲۹ء بعہدہ ڈریسری بجائے عبد القادر منتقل ... ۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء ... کمپونڈری بجائے شنکر لال ... کمپونڈر ہو گیا ہے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر

توسیع

۲۶ مئی ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - صفدر علیخان مدرس مدرسہ گمبر سیف الدین خان سعادۃ الاونس و ترقی عہدہ مین - و راحت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ بازار نصر اللہ خان ملازمت غیر مستقل مین ۱۰ جون ۱۹۲۸ء سے آخر دسمبر ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۴ مئی ۱۹۲۹ء

دفتر میونسپلٹی مین بسبب آمدنی و مصارف کے کام حسب افتراض آڈٹ کا بتدا جاری ہو گیا ہے حسین محمد جو بلدار میونسپلٹی کی زیادتی ہے میونسپلٹی چنگی مین ان کا مستحق اور ایک تحریر بدرستا ہے ... چار تجاویز تنخواہ قبول ہو ... اضافہ جو ہیں برائے ہیڈ مصارف تنخواہ ملازمان مین ... گنجائش نہیں ہے - بلحاظ بحال مدرس لال محمد موجودہ تنخواہ مین مبلغ ٦ ماہوار اضافہ یکم مئی ۱۹۲۹ء سے دیا جانا منظور کیا جاتا ہے - لہذا - حکم ہوا کہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ جون سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ۱ ۶ ، ۸ ۱۰ ۵ / ۸ ۱ ۷ ، ۸ ۱۰ ۸	۸ ۱ ۷	۸ ۱۰ ۷	-	-	۸ ۱۰ ۷	
نخود خالص	۸ ۱۰ ۷	۸ ۱ ۸	۸ ۱۰ ۸	-	-	۸ ۱ ۸	
نخود کسہ آمیز	۸ ۱ ۸	-	۸ ۱ ۹	-	-	۸ ۱۰ ۸	
کسہ	۸ ۱ ۹	-	۸ ۱ ۹	-	-	۸ ۱ ۹	
ماش	۸ ۱ ۶	۸ ۱۰ ۶	[illegible]	-	-	۸ ۱ ۶	
مونگ	۸ ۱ ۵	-	-	-	-	۸ ۱۰ ۵	
مکا	۸ ۱ ۹	-	-	-	-	۸ ۱ ۱۰	
جئی	۸ ۱ ۱۲	-	۸ ۱ ۱۲	-	-	۸ ۱ ۱۲	
گوجئی	۸ ۱۰ ۱۲	-	۸ ۱ ۱۲ ؟	-	-	۸ ۱ ۱۰	
مسور	۸ ۱ ۵	-	۸ ۱ ۹	-	-	۸ ۱ ۸	
ارہر	۸ ۱ ۷	۸ ۱۰ ۸	۸ ۱۰ ۹			۸ ۱ ۸	
برنج انجنہ	۸ ۱۰ ۴	۸ ۱۰ ۴ ، ۸ ۱ ۵	۸ ۱ ۵	-	-	۸ ۱ ۵	
روغن زرد	۸ چھٹانک	۸ چھٹانک	۸ چھٹانک	-	-	۸ ۱ ۰	
روغن سیاہ	۸ ۱۰ ۱	۸ ۱ ۱	۸ ۱۰ ۱	-	-	۸ ۱۰ ۱	
روغن کنجد	۸ ۱ ۱	۸ ۱ ۱	۸ ۱۰ ۱	-	-	۸ ۱ ۱	
نمک سانبھر	۸ ۱ ۱۲	۸ ۱ ۱۲	۸ ۱ ۱۲	-	-	۸ ۱ ۳	
نمک لاہوری	۸ ۱ ۶	۸ ۱ ۸	۸ ۱ ۶			۸ ۱ ۸	
قند سیاہ	۸ ۱۰ ۷	۸ ۱۰ ۵	۸ ۱ ۷			۸ ۱ ۸	
باجرہ	۸ ۱ ۷	-	-	-	-	-	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا